**13.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... شگفتہ یاسمین

**Music**

------------------------------

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مرکز نے چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن کو آئندہ پانچ سالوں میں ملک کا سب سے زیادہ ترقی یافتہ قبائلی خطہ بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے **ISIS** سے منسلک ماڈیول سے تعلق رکھنے والے ثاقب **Nachan** معاملے میں مختلف اضلاع اور ریاستوں کے **40** مقامات پر تلاشی کی کارروائیاں کی ہیں۔

☆ مغربی بنگال کی پولیس نے، بڑے پیمانے پر بھگدڑ اور گڑبڑی کے بعد، **Salt Lake** اسٹیڈیم میں میسی کی تقریب کے منتظم کو گرفتار کرلیا ہے۔

☆ ملک، **13** دسمبر **2001** کو پارلیمنٹ پر دہشت گردانہ حملے کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کر رہا ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ثالثی کے باوجود، تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کی سرحد پر لڑائی جاری ہے۔

☆ اور چنئی میں **Squash** عالمی کپ میں، بھارت سیمی فائنل میں دفاعی چمپئن مصر کو شکست دے کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Chhattisgarh Amit Shah**

مرکزی وزیر داخلہ نے آج کہا کہ نکسل واد سے کسی کو بھی فائدہ نہیں ہوتا اور یہ کہ صرف امن ہی ترقی کی راہ ہموار کرسکتا ہے۔ چھتیس گڑھ کے شہر جگدل پور میں **Bastar** اولمپکس کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے **31** مارچ **2026** تک نکسل واد کو ختم کرنے کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ مرکز نے چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن کو آئندہ پانچ سالوں میں ملک میں سب سے زیادہ ترقی یافتہ قبائلی خطہ بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ نکسل واد نے اِس خطے میں ترقی کو روک دیا تھا لیکن جب یہ لعنت جڑ سے ختم ہوجائے گی تو ترقی کے ایک نئے باب کا آغاز ہوگا۔ انھوں نے اُن لوگوں سے، جو اب تک ممنوعہ ماؤنوازوں کے ساتھ منسلک ہیں، اپیل کی کہ وہ خود سپردگی کردیں اور معاشرے کے اصل دھارے میں شمولیت اختیار کریں۔

بستر کی بدلتی ہوئی صورتحال کو اجاگر کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ خوف کی جگہ امید نے لی ہے،

اُس جگہ پر اب اسکول کی گھنٹیاں بجتی ہیں، جہاں گولیوں کی آواز گونجتی تھی، نیز سڑکیں، ریلوے اور شاہراہیں بنائی جارہی ہیں جہاں پہلے ترقی ایک بھولا بھٹکا خواب تھا۔ انھوں نے کہا کہ وقت کے ساتھ جب اگلا بستر اولمپکس منعقد کیا جائے گا تو نہ صرف بستر بلکہ پورا ملک نکسل واد سے پاک ہوجائے گا۔ اس موقع پر چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی، اسمبلی اسپیکر ڈاکٹر رمن سنگھ، نائب وزراء اعلیٰ ارون ساؤ اور وجے شرما اور سابق بین الاقوامی فٹبال کھلاڑی Baichung Bhutia بھی موجود تھے۔ خودسپردگی کرنے والے نکسل وادیوں اور نکسلی تشدد سے متاثر ہونے والوں سمیت تمام 7ضلعوں سے تقریباً تین ہزار 500 کھلاڑیوں نے اولمپکس میں حصہ لیا۔x

## ED ISID Raid

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے ISIS سے منسلک ماڈیول سے تعلق رکھنے والے ثاقب Nachan معاملے میں جاری تحقیقات کے حصے کے طور پر، بہت سے اضلاع اور ریاستوں میں 40مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی ہے۔ اِس سے قبل، ثاقب Nachan کو دہشت گردانہ سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مبینہ طور پر ملوث ہونے کیلئے قومی تحقیقاتی ایجنسی نے گرفتار کیا تھا۔ ڈائریکٹوریٹ نے ممبئی کے نزدیک Padgha-Borivali خطے، دلّی، کولکتہ، ہزاری باغ، پریاگ راج، دمن اور رتنا گیری کے علاوہ دیگر مقامات پر تلاشی کی کارروائیاں کیں۔x

## PM Jordan

وزیرِ اعظم نریندر مودی شاہ عبداللہ دوئم بن الحسین کی دعوت پر 15سے 16دسمبر تک اردن کا دورہ کریں گے۔ وزیرِ اعظم کا یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75سال مکمل ہونے کے موقع پر اور بھارت اور اردون کے درمیان پائیدار اعلیٰ سطحی سیاسی مصروفیات کے مابین ہو رہا ہے۔ توقع ہے کہ یہ دورہ مغربی ایشیا میں علاقائی استحکام پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کے ساتھ سیاسی، اقتصادی اور جامع شعبوں میں باہمی تعاون میں پیشرفت کا جائزہ لے گا۔x

## Messy India Tour

مغربی بنگال میں اسٹیڈیم میں ہوئی بھگدڑ اور افرا تفری کے بعد پولیس نے تقریب کے منتظم Satadru Dutta کو 2 گھنٹے تک جاری رہی پوچھ تاچھ کے بعد گرفتار کرلیا ہے۔ ADG اور IGP برائے نظم ونسق جاوید شمیم نے بتایا کہ اس سلسلے میں ابتدائی تحقیقات جاری ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ اسٹیڈیم میں صورتحال اب معمول پر ہے اور وہاں پہنچے لوگوں کی بحفاظت گھر واپسی کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں اور ٹکٹوں کی قیمت واپس لوٹانے کیلئے ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔اس سے قبل گورنر ڈاکٹر C V Ananda Bose نے مغربی بنگال سرکار کو یووا بھارتی Krirangan کے مقام پر منعقدہ تقریب کے اسپانسرز اور منتظمین کی فوری گرفتاری کی ہدایت دی تھی۔ اس واقعے پر ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے گورنر نے اسے کولکاتہ کے کھیل شائقین کیلئے سیاہ دن قرار دیا اور کھیل دیکھنے والوں کو ٹکٹ کے پیسے واپس لوٹانے کی ہدایت دی ہے۔اس دوران ریاستی سرکار نے بد انتظامی کی چھان بین کیلئے ریٹائرڈ جسٹس

Ashim Kumar Ray کی زیر قیادت ایک تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے کہا کہ اس واقعے سے وہ شدید پریشان ہیں اور انہوں نے عوام سے معذرت طلب کی ہے۔تعلیم کے مرکزی وزیر مملکت اور BJP لیڈر ڈاکٹر Sukanta Majumdar نے ریاستی سرکار کی نکتہ چینی کرتے ہوئے انتظامیہ کی ناکامی کا الزام لگایا اور وزیر اعلیٰ کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ Lionel Messi کے بے شمار مداحوں نے عظیم فٹبال کھلاڑی کی ایک جھلک کی خاطر ٹکٹیں خریدی تھیں لیکن انتظامی ناکامی کی وجہ سے Messi کو واپس لوٹنا پڑا۔فٹبال کے مشہور زمانہ کھلاڑی Lionel Messi، جو جمعے کی دیر شام کولکاتہ پہنچے تھے، وہ Luis Suarez اور Rodrigo D'Paula کے ساتھ تقریباً ساڑھے گیارہ بجے دن میں اسٹیڈیم میں داخل ہوئے۔ مداح، جو کہ Messi کی واضح جھلک سے محروم رہ گئے، مشتعل ہوگئے۔ انہوں نے توڑ پھوڑ مچائی جس پر پولیس کو لاٹھی چارج پر مجبور ہونا پڑا۔ x

## BJP Sudhanshu Trivedi

BJP نے آج TMC کی قیادت والی مغربی بنگال سرکار پر کولکتہ میں ارجنٹینا کے فٹبال کے کھلاڑی Lionel Messi کی تقریب کے دوران مبینہ بدانتظامی سے لوگوں کو ناامید کرنے کا الزام لگایا۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے رکن پارلیمنٹ اور ترجمان ڈاکٹر سدھانشو ترویدی نے اِسے پورے ملک کیلئے ایک شرمناک لمحہ قرار دیا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ اسی طرح کے واقعات کرناٹک اور تمل ناڈو جیسی غیر NDA قیادت والی ریاستوں میں پیش آچکے ہیں جو امن وقانون کی خستہ صورتحال کی عکاسی کرتے ہیں۔ اِن ریاستوں میں جو اقتدار میں ہیں، وہ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ قانون سے بالاتر ہیں۔ انھوں نے عوامی تقریبات کو ذاتی اَنا کی تسکین کا وسیلہ بنانے کیلئے اتھارٹی پر الزام لگایا۔x

## *SIR WB SIR*

مغربی بنگال کے ایڈیشنل چیف انتخابی افسر اَرندم نیوگی نے کہا ہے کہ مغربی بنگال میں خصوصی تفصیلی نظرثانی عمل کے سلسلے میں دعووں اور اعتراضات کیلئے 31لاکھ سے زیادہ افراد کو بلایا جاسکتا ہے۔ ریاست میں 58لاکھ سے زیادہ گنتی کے فارم کی جمع نہ ہو پانے کے طور پر نشاندہی کی گئی ہے۔خصوصی مشاہدین، داخل شدہ گنتی کے فارم کے جائزے اور SIR عمل سے متعلق دیگر معاملات کے سلسلے میں ریاستوں کا دورہ کر رہے ہیں۔

**S/B: B. CEO**

## *Parliament Tribute*

ملک نے آج 24سال قبل 13دسمبر 2001 کو پارلیمنٹ پر دہشت گردانہ حملے کے دوران اُس کا دفاع کرتے ہوئے اپنی جان گنوانے والے سکیورٹی اہلکاروں اور متاثرین کو خراج عقیدت پیش کیا۔ نائب صدر جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے صدرنشیں سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزراء، پیوش گوئل، جتیندر سنگھ، کرن رجیجو اور ارجن رام میگھوال نے پارلیمنٹ ہاؤس میں شہداء کو گلہائے عقیدت نذر کیے۔ لوک سبھا میں اپوزیشن رہنما

راہل گاندھی، کانگریس کی سینئر لیڈر اور پارلیمنٹ کے دیگر ارکان نے بھی گلہائے عقیدت نذر کیے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ ملک، اُن سورماؤں کی شجاعت، ہمت اور قربانی کو سلام پیش کرتا ہے، جن کا اپنے فرائض کے تئیں پختہ عزم، بھارت کے قومی جذبے کو تحریک دیتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک ہمیشہ شہدا اور ان کے اہل خانہ کا مقروض رہے گا۔اس کے علاوہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور اطلاعات و نشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے پارلیمنٹ کا دفاع کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذارانہ پیش کرتے ہوئے بہادر سکیورٹی اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ x

## Kerala Local Poll Results

کیرالہ میں کانگریس کی قیادت والی اپوزیشن UDF نے پوری ریاست میں بلدیاتی انتخابات میں بڑھوتری حاصل کی ہے۔ BJP کی قیادت والی NDA نے بھی، خاص طور پر ریاستی راجدھانی تھیرواننتھا پورم میں نمایاں پیشرفت درج کی ہے۔ البتہ حکمراں CMP کی قیادت والی LDF اپنی سابقہ کارکردگی حاصل نہیں کرسکی اور بہت سے بلدیاتی حلقوں کے نتائج UDF اور NDA کے حق میں گئے ہیں۔ ان نتائج کی ایک نمایاں بات یہ ہے کہ NDA نے تھیرواننتھا پورم کارپوریشن میں جیت حاصل کی۔ اتحاد نے 101رکنی کونسل میں پچاس سیٹیں حاصل کی ہیں۔ اسی کے ساتھ وہ بلدیاتی اداروں کا کنٹرول حاصل کرنے کے قابل ہوگئی ہے جو کہ سابقہ مدت میں LDF کے تحت تھا۔

اسی دوران، یو ڈی ایف 367 گرام پنچایتوں میں، جبکہ ایل ڈی ایف 234 گرام پنچایتوں میں اکثریت کے ساتھ کامیابی سے ہمکنار ہوئیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Smithy M Palluruthy**

ریاستی راجدھانی تھیرونتھا پورم میں NDA کی تاریخی کارکردگی کیرالہ کے بلدیاتی انتخابات میں انتہائی اہم پیشرفت ہے۔ اس نے تھیرونتھا پورم کارپوریشن کی 101سیٹوں میں سے پچاس سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔ اسی کے ساتھ اب BJP ریاست میں اپنا پہلا میئر بنانے کیلئے تیار ہے۔دیگر میونسپل کارپوریشنوں میں کانگریس کی قیادت والے UDF نے کوزی کوڈ کے علاوہ دیگر پنچایتوں میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ UDF نے بھی گرام پنچایتوں، بلاک پنچایتوں اور میونسپلٹیوں میں واضح اکثریت حاصل کی ہے۔ اسی دوران، NDA نے پنچایتوں اور میونسپلٹیوں میں اپنی کارکردگی میں نمایاں اضافہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ اُس نے بنیادی سطح پر اپنی گرفت میں قابل ذکر توسیع کی ہے۔

## Divya Kala Mela Virendra Kumar

سماجی انصاف اور تفویضِ اختیارات کے مرکزی وزیر وریندر کمار نے آج کہا ہے کہ حکومت کی پہل، دویہ کلا میلا دیویانگ جنوں کو اپنا ہنر دکھانے کا ایک موقع فراہم کر رہا ہے۔ نئی دلّی میں 28ویں دویہ کلا میلے کا افتتاح کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ دیویانگ جنوں کو اقتصادی طور پر مستحکم بنانے کا ایک پلیٹ فارم ثابت ہو رہا ہے۔ جناب کمار نے مزید کہا کہ حکومت، دیویانگ جنوں کو اسکالرشپ سمیت سبھی ضروری مدد فراہم کر رہی ہے۔ اِس موقع پر وزیر موصوف نے پیرا لمپکس میں بھارت کے پیرا ایتھلیٹس کی شاندار کارکردگی کی بھی ستائش کی۔

جناب کمار نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اِس میلے میں بڑی تعداد میں شرکت کریں اور دیویانگ جَنوں کی حوصلہ افزائی کی۔

**S/B: Virendra Kumar**

## CAQM Grap-3

دلّی این سی آر میں ہوا کے مسلسل خراب ہوتے معیار کے درمیان ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن CAQM نے فوری طور پر رفتہ رفتہ اقدامات سے متعلق منصوبے Grap کا تیسرا مرحلہ نافذ کر دیا ہے۔ آج صبح ہوا کے معیار کے اشاریے کے شدید طور پر خراب کے زمرے میں آنے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ اقدام، خطے میں پہلے سے لاگو Grap کے پہلے اور دوسرے مرحلے کے علاوہ ہے۔ Grap کے تیسرے مرحلے کے تحت غیر ضروری تعمیراتی اور انہدامی سرگرمیوں پر مکمل پابندی رہے گی، جن میں کھدائی، سڑک تعمیرات کی سرگرمیاں اور مرمت کا کام شامل ہے۔ اِس کے علاوہ دلّی کے باہر رجسٹرڈ BS-4 ڈیزل ہلکی کمرشیل گاڑیوں کو راجدھانی میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی ماسوا ان کے جو لازمی اشیاء یا خدمات فراہم کرتی ہیں۔ x

## *Thai Cambodia Fight*

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ثالثی کے باوجود، تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کی سرحد پر لڑائی جاری ہے، حالانکہ ٹرمپ نے کہا تھا کہ دونوں ملک جنگ بندی پر راضی ہوگئے ہیں۔ اس سے قبل، ٹرمپ نے کہا تھا کہ تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے لیڈر، ہفتے بھر کے خونریز تصادم کے بعد اپنے درمیان جنگ بندی کے معاہدے پر فوری طور سے جائزہ لینے کیلئے ایک بار پھر متفق ہوگئے تھے۔ انھوں نے یہ بھی کہا تھا کہ دونوں لیڈروں نے اِس سال اکتوبر میں ملیشیا کے شہر کوالالمپور میں دستخط کردہ اصل امن معاہدے پر عمل کرنے سے بھی اتفاق کرلیا تھا۔ اُدھر تھائی لینڈ کے حکام نے کہا ہے کہ جنگ بندی کا کوئی معاہدہ ہوا ہی نہیں ہے۔ دوسری جانب کمبوڈیا نے ابھی تک ٹرمپ کے دعوے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔اس کے بجائے، کبوڈیا کی وزارتِ دفاع نے خبر دی ہے کہ تھائی لینڈ کے لڑاکا طیاروں نے آج صبح سویرے فضائی حملے کئے۔ اسی دوران، ملیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم نے کہا کہ ملیشیا، آسیان کے صدر کے طور پر، جلد ہی آسیان وزرائے خارجہ کی ایک خصوصی میٹنگ طلب کرے گا، تاکہ کمبوڈیا–تھائی لینڈ کے درمیان بڑھتی ہوئی سرحدی کشیدگی پر توجہ مرکوز کی جاسکے۔x

## Squash Worldcup 2025

آج شام چنئی میں Squash عالمی کپ میں، بھارت سیمی فائنل میں دفاعی چمپئن مصر کو شکست دے کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ بھارت نے Squash عالمی کپ میں اب تک کی اپنی سب سے بہتر کارکردگی درج کرنے کیلئے مصر کو تین–صفر سے شکست دی۔ قومی چمپئن Velavan Senthilkumar نے عالمی کھلاڑی نمبر 96 ابراہیم Elkabbani کو تین–صفر سے کراری شکست دی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆